# وفاق المدارس العربیہ کے پی کے کی سرگرمیاں

مرتب: مفتی سراج الحسن زید مجدہم

**صوبہ کے پی کے میں امتحانی تیاریوں کے سلسلے میں اہم اجلاس:**

03اپریل 2018ء بروز منگل کو وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا ایک اہم اجلاس ناظم وفاق المدارس خیبر پختون خوا حضرت مولانا حسین احمد صاحب زید مجدہم کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں وفاق المدارس کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ، حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب کے علاوہ صوبہ بھر کے ضلعی مسئولین اور ارکان مجلس عاملہ نے شرکت کی۔ اجلاس سے صوبائی ناظم حضرت مولانا حسین احمد صاحب نے امتحان کی اہمیت وافادیت پر تفصیلی گفتگو کی اور وفاق کے تمام تر قواعد وضوابط تفصیل سے بیان کیے۔

آپ نے مسؤلین کو ہدایات جاری کرتے ہوئے فرمایا کہ امتحانات کے حوالہ سے ہر ضلع میں نگران عملہ کی تدریب کرانا ازبس ضروری ہے۔ آپ نے اپنے تفصیلی خطاب میں وفاق المدارس کے نظام امتحان کو تمام عصری اداروں کے لیے قابل تقلید قرار دیا۔ فرمایا کہ کوئی بھی ادارہ اس طرح کا پرسکون، پرامن اور شاندار نظام نہیں دکھا سکتا۔ پورے ملک میں ایک ہی وقت میں پرچہ کھولا جاتا ہے۔ وفاق المدارس ایک مضبوط نیٹ ورک ہے۔ جو دینی مدارس کے لیے ایک ڈھال ہے۔ دیگر مسلم ممالک میں مدارس ہیں مگر وفاق المدارس نہیں۔ یہ امتیاز صرف پاکستان کے دینی مدارس کو حاصل ہے کہ وہ ایک مضبوط نیٹ ورک سے وابستہ ہیں اور قرآن وسنت کی ترویج اور تحفظ کے لیے ان کی آواز ایک ہے۔ وفاق المدارس نے یکساں نظام تعلیم کے ساتھ امیر وغریب کا فرق ختم کیا ہے۔ دینی مدارس کے علماء دنیا بھر میں علم کی روشنی پھیلا رہے ہیں جہاں پر حکومت تعلیم کی سہولیات مہیا نہیں کر سکی وہاں وفاق المدارس بچوں اور بچیوں کو تعلیم کی روشنی سے منور کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاق المدارس دینی مدارس کے بقاء اور تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔ اجلاس سے وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا انوار الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس امن وسلامتی کی تعلیم دیتے ہیں۔ وفاق المدارس دینی مدارس کے تحفظ کے لیے ایک چھتری ہے۔ مدارس خالصتاً تعلیمی ادارے ہیں۔ مدارس کی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں۔ معاشرے میں موجودہ دینی ومذہبی بیداری دینی مدارس کا مرہون منت ہے۔

شعبہ حفظ (پشاور، خیبر ایجنسی) زون کے ممتحنین کا اجلاس:

22 مارچ 2018ء بروز جمعرات ناظم وفاق المدارس خیبر پختونخوا حضرت مولانا حسین احمد صاحب زید مجدہم کی صدارت میں شعبہ حفظ امتحانات کے سلسلے میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع پشاور وخیبر ایجنسی کے شعبہ حفظ کے ممتحنین اعلی ودممتحنین حضرات نے شرکت کی۔ اجلاس دو بجے ظہر شروع ہوا جو پانچ بجے عصر تک جاری رہا۔ صوبائی ناظم حضرت مولانا حسین احمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے امتحان کی اہمیت کو اجاگر کیا اور شرکاء اجلاس کو اس بات کی تاکید کی کہ شعبہ حفظ کے بچوں کی سال بھر کی محنت اب آپ لوگوں کے ہاتھوں میں ہے لہذا اس حوالہ سے معمولی سی غلطی اور غفلت سے بچوں کا مستقبل داؤ پر لگ سکتا ہے۔ امتحان کے طریقہ کار پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ حضرت نے ہدایات کیں کہ سنٹرز مقرر کرنے میں طلبہ کی سہولت کو پیش نظر رکھے۔ واضح رہے کہ ضلع پشاور وخیبر ایجنسی کے لیے کل 13 سنٹرز مقرر کردیے گئے جس میں 3641 طلبہ وطالبات شعبہ حفظ کا امتحان دے رہے ہیں۔

**25 فروری 2018ء کو جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر حضرت مولانا گل نصیب خان سے ملاقات:**

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین دن رات کی محنتوں اور انتھک کوششوں سے روزِ اول سے دین اسلام اور مدارسِ دینیہ کی دفاع اور نشر واشاعت میں مصروف عمل ہیں۔ اور ان کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ اپنے محدود وسائل کو لے کر مسلمانوں کو زیادہ سے زیادہ علوم دینیہ سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ دینی مدارس کے خلاف منفی پروپیگنڈہ اور غلط فہمیوں کا ازالہ کریں۔ اسی سلسلہ میں 25 فروری 2018ء کو جمعیت علماء اسلام کے صوبائی دفتر میں ناظم وفاق المدارس خیبر پختون خوا حضرت مولانا حسین احمد صاحب زید مجدہم اور جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر حضرت مولانا گل نصیب خان صاحب کے درمیان ملاقات ہوئی۔ جس میں باہمی دلچسپی کے امور کے علاوہ مدارس دینیہ کی موجودہ صورتِ حال اور کردار کے ساتھ ساتھ مختلف امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں جمعیت علماء اسلام کے صوبائی رہنما مولانا رفیع اللہ قاسمی صاحب، مولانا امان اللہ حقانی صاحب بھی شریک تھے۔

**جمعیت علماء اسلام کے صوبائی نائب امیر مفتی کفایت اللہ صاحب سے اہم ملاقات:**

27 فروری 2018ء کو مفتی کفایت اللہ صاحب نائب امیر جمعیت علماء اسلام صوبہ خیبر پختون خوا جامعہ عثمانیہ تشریف لاکر ناظم وفاق المدارس خیبر پختون خوا حضرت مولانا حسین احمد صاحب دامت برکاتھم العالیہ کے ساتھ ملاقات کی۔ دونوں نے خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے رجسٹریشن کی مشکلات اور اس کے حل پر تبادلہ خیال کیا۔ اور اس بات پر اتفاق کیا کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان اور جمعیت علماء اسلام یک جان دو قالب کی مانند

ہیں۔آپس کے تعلقات کومزید مضبوط بنانے اور ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے تجاویز پرغوروخوض کیا گیا۔

**دارالعلوم انوارالقرآن شرین کوٹھہ ضلع نوشہرہ میں ’’دینی مدارس اور استحکام پاکستان کانفرنس‘‘ کے حوالے سے انتظامات کا جائزہ:**

07مارچ 2018 کو دینی مدارس کا کردار اور استحکام پاکستان کانفرنس کے عنوان سے دارالعلوم انوارالقرآن ضلع نوشہرہ میں ہونے والے کانفرنس کے حوالے سے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے صوبائی ناظم وفاق المدارس خیبر پختونخوا حضرت مولانا حسین احمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے جلسہ گاہ کا دورہ کیا ۔اور کانفرنس کے منتظمین کے ساتھ تفصیلی میٹنگ کی۔جس میں کانفرنس کے بارے مختلف انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔

**دارالعلوم انوارالقرآن ضلع نوشہرہ میں دینی مدارس کا کرداراوراستحکام پاکستان کانفرنس:**

10مارچ 2018ء بروزِ ہفتہ کو مدرسہ ہذا میں ایک عظیم الشان کانفرنس بعنوان ’’دینی مدارس کا کرداراوراستحکام پاکستان‘‘ کا انعقاد ہوا جس میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ حضرت مولانا قاری محمد حنیف جالندھری صاحب نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی،جبکہ وفاق المدارس کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا انوارالحق صاحب، ناظم وفاق المدارس خیبر پختونخوا حضرت مولانا حسین احمد صاحب،ناظم وفاق المدارس صوبہ پنجاب حضرت مولانا قاضی عبدالرشید صاحب اور مجلس عاملہ کے ارکان حضرت مولانا ضیاء اللہ صاحب،حضرت مولانا محبّ اللہ صاحب نیز ضلع نوشہرہ ،ضلع صوابی ،ضلع مردان کے جلیل القدر علماء اور عوام الناس نے شرکت کی۔حضرت ناظم اعلیٰ زیدمجدہم نے اہل مدارس کے جذبہ حب الوطنی کی ترجمانی کرتے ہوئے فرمایا کہ تمام اہل مدارس اور علماء وطلبہ حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہیں اور ملک کی حفاظت اوراستحکام کواپنا فرضِ منصبی سمجھتے ہیں۔

ناظم اعلیٰ صاحب کے تفصیلی خطاب کے بعد وفاق المدارس کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا انوارالحق صاحب، ناظم وفاق المدارس خیبر پختون خوا حضرت مولانا حسین احمد صاحب نے کانفرنس سے تفصیلی خطاب کیا۔حضرت مولانا حسین احمد صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی دعا سے اس عظیم الشان کانفرنس کا اختتام ہوا۔

**جامعہ محمدیہ شیروجھنگی چارسدہ روڈ میں تدریب المعلمین کی تقریب سے خطاب:**

وفاق المدارس کے صوبائی ناظم خیبر پختونخوا حضرت مولانا حسین احمد صاحب زیدمجدہم نے جامعہ محمدیہ شیروجھنگی چارسدہ روڈ میں منعقدہ تدریب المعلمین سے خطاب کیا۔آپ نے خطاب میں مدارس میں نظم وضبط پیدا کرنے کی اہمیت بالخصوص طلبہ، اساتذہ اور ملازمین کے جملہ کوائف اور ریکارڈ محفوظ رکھنے پر زور دیا۔تقریب میں پچاس کے لگ بھگ مدارس کے مہتمین ،نظماء اور مدرسین حضرات نے شرکت کی۔